www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



# جامعة لاهور الاسلامية

## کے اِخراجات میں اپنی زکوٰۃ وصدقات سے حصہ ڈالیں!

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ اپنی بے شمار برکتوں اور رحمتوں کے ساتھ ہم پر سایہ فگن ہے۔اس ماہ میں اللہ کی رحمت جوش میں آتی ہے، اللہ تعالیٰ گناہوں سے مغفرت اور اپنے بندوں کو بلندیٔ درجات عطا فرماتے ہیں۔خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو نیک اعمال بجا لا کر اپنے ربّ کریم کی رحمتوں سے وافر حصہ حاصل کرتے ہیں۔رمضان کی خصوصی برکت سے اللہ تعالیٰ نیک اعمال کا اجر ۷۰ گنا بڑھا دیتے ہیں۔

وہ لوگ جو اللہ کے دین کو سربلند کرنے کے لیے اپنے جان ومال کی قربانی دیتے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی رحمتوں میں سب سے زیادہ حصہ پاتے ہیں!!

اسلام کے تحفظ اور معاشرے کی اسلامی رہنمائی کے لیے دینی مدارس اور دینی اداروں کی اہمیت کسی سے مخفی نہیں۔امریکہ کا سب سے پہلا ہدف پاکستان کے یہی دینی مدارس ہیں جہاں سے اسلام کی روشنی نہ صرف ملک بلکہ دنیا بھر میں پھیل رہی ہے۔برصغیر کے یہ دینی مدارس یہاں کے مسلمانوں کی تابندہ روایات کی ایک درخشندہ مثال ہیں۔جب دینی تعلیم کی ذمہ داری یہاں کی حکومت نے لینے کی بجائے انہیں سبوتاژ کرنے کا رویہ اپنایا تو یہاں کے مسلمان اہل خیر نے اپنے ذاتی وسائل سے اس فرض کو نبھانے کی ذمہ داری قبول کی اور گذشتہ ڈیڑھ صدی سے چلی آنے والی یہ روایت آج بھی ہمارے معاشروں میں مستحکم ہے جس کی مثال پورے عالم اسلام میں کہیں اور نہیں ملتی!!

لاہور شہر میں قرآن وسنت سے براہِ راست فیض یاب ہونے والا سب سے بڑا دینی مدرسہ جامعة لاهور الاسلامية آپ جیسے مخیر حضرات کے ہی صدقات وزکوٰۃ سے عرصہ ۳۵ سے روشنی پھیلا رہا ہے۔اس ادارہ میں جہاں ۳ شعبہ جات (قرآن فیکلٹی،شریعہ فیکلٹی اور سوشل سائنسز فیکلٹی) میں مدینہ یونیورسٹی کے نصاب کے مطابق ۸۰۰ طلبہ کو دینی تعلیم ،قیام وطعام اور علاج بالکل مفت مہیا کیا جاتا ہے، وہاں انہی طلبہ کو مڈل سے ایم اے تک جدید تعلیم



© rasailojaraid.com
محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



کے علاوہ کمپیوٹر کی لازمی تعلیم بھی جاتی ہے۔

اس ادارے کے ساتھ خواتین کی تعلیم کے لیے بھی بڑے پیمانے پر سرگرمی سے کام کیا جارہا ہے، سال بھر میں ۲۱۰ شارٹ کورسز کے ذریعے ۶ ہزار سے زائد طالبات کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا جاتا ہے۔ رمضان المبارک میں ۴۱ مقامات پر دورۂ تفسیر، ۴۶ مقامات پر دورۂ تراویح اور ۳۵ سکولوں میں 'رمضان شارٹ کورس' کرائے جارہے ہیں۔

جامعہ لاہور الاسلامیہ میں اعلیٰ درجے کا ریسرچ ورک اور معیاری دینی رسائل (مثلاً محدث، رشد، مسلمات) کی اشاعت بھی ۳۴ برسوں سے جاری ہے۔ کتب، کیسٹ، علمی رسائل اور اسلامک سافٹ ویئرز کی ۴ لائبریریوں کے علاوہ انٹرنیٹ ویب سائٹس اور اسلامی سی ڈیز کی تیاری کا منفرد کام بھی یہاں ہو رہا ہے۔ جامعہ کے زیرنگرانی مجاہدین، آفت زدگان اور مہاجرین کے لیے امدادی سامان اور رقوم کے علاوہ وہاں افطاریوں اور قربانیوں کا انتظام بھی بڑے پیمانے پر کیا جاتا ہے۔

یہ تمام سرگرمیاں الحمدللہ آپ حضرات کے تعاون سے ہی پوری ہوتی رہی ہیں۔ اس سال عالمی مہم کے نتیجے میں دینی مدارس کے لئے صدقات وزکوٰۃ میں کافی کمی آئی ہے جس کا نتیجہ آئندہ سال کی دینی سرگرمیوں پر بھی ہوگا۔

نبی کریم ﷺ کے اس فرمان کے بموجب ہمیں اس کارِ خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے:

> "دو قسم کے لوگ انتہائی قابل رشک ہیں، ایک وہ شخص جسے اللہ تعالیٰ نے علم قرآن کی دولت سے ہمکنار کیا ہو اور وہ دن رات تعلیم قرآن کی خدمت سر انجام دیتا ہو اور دوسرا وہ شخص ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مال عطا کیا ہو اور وہ اس مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہو۔"

فرمانِ الٰہی ہے کہ "اللہ تعالیٰ اپنے نام پر دیے گئے صدقہ کو کئی گنا بڑھاتا اور پال پوس کر بڑا کرتا ہے۔" (البقرۃ:۲۶۱) جس کو صدقہ دینے والا روزِ قیامت دیکھ کر حیران ہو جائے گا۔ رمضان المبارک میں آپ کے صدقہ، زکوۃ کا ثواب یوں بھی ۷۰ گنا بڑھ جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس مبارک ماہ میں آپ کا صدقہ زکوٰۃ قبول فرمائے اور اس نیک کام میں تعاون پر آپ کو جزائے خیر دے۔ آمین!

حافظ عبدالرحمن مدنی (مدیر الجامعہ)



© rasailojaraid.com
محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

# مختصر میزانیہ 2005ء

## جامعہ لاہور الاسلامیہ (بابر بلاک، گارڈن ٹاؤن، لاہور)

| | ۸۰۰ طلبہ کی رہائش، طعام، تعلیم، نصابی کتب اور علاج | ماہانہ | سالانہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | رہائش گاہ طلبہ کا بل بجلی، پانی، گیس، فون اور عمارت مرمت | 56,850 | 6,82,200 |
| ۲ | ۳ وقت کھانا: ناشتہ (دودھ بن چینی ر نان چنے) | 67,500 | 8,10,000 |
| | ظہرانہ (آٹا، گھی، دالیں اور سبزیاں) | 78,658 | 9,43,896 |
| | عشائیہ (آٹا، سبزیاں اور گوشت) | 86,700 | 10,40,400 |
| ۳ | مستند ۳۸ ر اساتذہ کرام کی تنخواہیں (اوسطاً) | 6100x38 | 27,81,600 |
| | نصابی کتب برائے ۲۴ کلاسیں (۳ فیکلٹیاں، ۸ سال تدریس) | --------- | 2500x24 |
| ۴ | ۱۲ ر انتظامی عملہ، دفتری اخراجات (امتحانات، تقریبات، نقل و حمل) | 55,630 | 6,67,560 |
| | ٹوٹل | 5,82,138 | 69,85,656 |

## شعبہ خواتین (علی بلاک، گارڈن ٹاؤن، لاہور)

| | خواتین وطالبات کی تعلیم و تربیت | فی کیمپ ر دورہ | کل ر سالانہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۰ ر سمر کیمپ (تعطیلاتِ گرما میں ۲ ماہ) | 1200 | 12,000 |
| ۲ | ۴۵ ر مراکز تعلیم قرآن میں ترجمہ قرآن (پورا سال) | 2750 | 1,23,750 |
| ۳ | ۳۵ ر سکولوں میں 'رمضان شارٹ کورس' [نصاب ر پیپرز] | 1375 | 48,125 |
| ۴ | ۲۲ دورہ تفسیر (رمضان المبارک میں) | 1200 | 26,400 |
| ۵ | ۴۸ مقامات پر دورہ تراویح برائے خواتین | 1130 | 54,240 |
| ۶ | انسٹیٹیوٹ میں یکسالہ تعلیم قرآن کورس (۲: صبح وشام) | 34,570 | 69140 |
| ۷ | ۷ دورہ جات برائے تجوید، حدیث نبوی وغیرہ | 1450 | 10150 |
| ۸ | کچی آبادیوں میں ایک ہائی سکول اور ایک مڈل سکول | 25,000 | 3,00,000 |
| ۹ | یوٹیلیٹی بل، انتظامی عملہ، نقل وحمل اور دفتری اخراجات | 16,500 | 1,98,000 |
| | ٹوٹل | 85,175 | 8,41,805 |

**تعاون بذریعہ بینک**

یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، ماڈل ٹاؤن بینک سکوائر، لاہور

اکاؤنٹ 2-524 (صدقات) واکاؤنٹ 9-1045 (زکوٰۃ)

© rasailojaraid.com



محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ